الجامعۃ
متصل سائٹ ٹاؤن ...

دار الافتاء والقضاء

ای میل:daruIifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:[illegible]2560400

MODE: **Urgent**

Name : syed saif ur rehman
Address : gur guri karak.
Subject : TALAQ
Writer : شیراز

Serial No : **14589**
Date : **3/22/2012**
Contact No:
Email :

[illegible] mufti saheb.agar aik aadmi ne apne bewi ko kaha keh aik do tin tu maj par talaq [illegible] is surat me is awrat par aik talaq hogi ya teen.Mufte sardar mufte darul uloom thall [illegible] is surat me aik talaq hogi kiunkeh aik do teen ye aadad hai.in ke sat talaq waqeh nahi hoti [illegible] talaq ke sat aik talaq hua.janab mufte saheb is masla me hamara [illegible] mudallah tariqe se.
[illegible] syed saif ur rehman mudire jamia umme habiba lelbanat gur guri karak.

السلام علیکم جناب مفتی صاحب! اگر ایک آدمی نے اپنی بیوی کو کہا کہ ایک دو تین تو مجھ پر طلاق ہے اب اس صورت میں اس عورت پر ایک طلاق ہوگی یا تین۔ مفتی سردار مفتی دار العلوم "تھل" کہتے ہیں کہ اس صورت میں ایک طلاق ہوگی کیونکہ ایک دو تین یہ عدد ہے اس کے ساتھ طلاق واقع نہیں ہوتی ہے۔ ہاں صرف طلاق کے ساتھ ایک طلاق ہوئی۔ جناب مفتی صاحب اس مسئلہ میں ہماری مدلل طریقہ سے رہنمائی کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

ایک، دو تین عدد ہیں یہ گنتی کے لئے وضع ہیں نہ کہ طلاق کے لئے اس لئے اگر کوئی شخص فقط یہی گنتی کے عدد استعمال کرے تو اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی لیکن اگر ان اعداد کے ساتھ لفظ طلاق بھی ذکر کر دیا جائے جیسا کہ صورت مسؤلہ میں ہے تو ان اعداد سے مراد بھی طلاق ہوتی ہے اس لئے مذکورہ صورت میں تینوں طلاقیں واقع ہو کر حرمت مغلظہ ثابت ہو گئی ہے جس کے بعد رجوع نہیں ہو سکتا اور حلالہ شرعیہ کے بغیر دوبارہ باہم عقد نکاح بھی نہیں ہو سکتا اور عورت ایامِ عدت کے بعد دوسری جگہ شادی کرنا چاہے تو کر سکتی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: فان طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره الآية (البقرة ٢٣٠)۔

وفي الخانية: على هامش الهندية: ولو قال تو يكي او قال تو سه قال ابو القاسم رحمه الله تعالى لا يقع الطلاق قال مولانا رضي الله عنه وينبغي ان يكون الجواب على التفصيل ان كان ذلك في حال مذاكرة ـــ

(جاری ہے)

الطلاق او فی حالة الغضب یقع الطلاق وان لم یکن لا یقع الخ (ج ۲ ص ۳۶۳) ۔

وفی الهدایة: فان کان الطلاق ثلاثا فی الحرة او ثنتین فی الامة لم تحل له حتی تنکح زوجا غیره نکاحاً صحیحا ویدخل بها ثم یطلقها او یموت عنها الخ (ص ۳۹۹ ج ۲)

واللہ اعلم بالصواب
شیراز علی عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶
۶ شعبان المعظم ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
محمد [illegible]
دار الافتاء مشتورہ
۷ شعبان المعظم ۱۴۳۳ھ

دار الافتاء
۲۵۸۹
۱۴۳۳/۸/۱۴
الجامعة البنورية العالمية سائٹ کراچی

نائب رئیس
دار الافتاء جامعة بنوریة العالمیة

[illegible]
1/7/12